جان اوّل مظہر درگاہ شد　　جان جاں خود مظہر اللہ شد

(رومیؒ)

لوائح خانقاہِ مظہریہ

۱۹۷۲ء

اعنی

مکتوباتِ مدرسۂ دیر

۱۳۹۲ھ

(مخزونہ خانقاہ اخوند نسیمؒ الموسوم بہ خانقاہ نورمحل، اوچ، دیر)

مرتبہ

ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خان

سندھ یونیورسٹی

Marfat.com

جانِ اوّل مظہرِ درگاہ شد　　جانِ جاں خود مظہرِ اللہ شد

(رومیؒ)

لوحِ خانقاہِ مظہریہ

۱۹۷۲ء

اعنی

مکتوباتِ مدرسۂ دیر

۱۳۹۲ھ

(مخزونہ خانقاہ اخوند نسیمؒ الموسوم بہ خانقاہ نورمحل، اوچ، دیر)

مرتبہ

ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خان

سندھ یونیورسٹی

Marfat.com

اظہارِ تشکر

اللہ بخشے حکیم حافظ ذوقی الٰہ آبادی (م ۱۳۹۳ھ) کو، وہ میری اکثر کتابوں کی کتابت کر دیا کرتے تھے۔ اُن کے بعد حیدرآباد میں اب ایسا کوئی کاتب نہیں جو عربی اور فارسی سے بھی بخوبی واقف ہو۔ اسی مجبوری کی وجہ سے یہ کام الغواد میں پڑ گیا تھا۔ آخر کار عزیز گرامی ڈاکٹر نجم الاسلام صاحب نے (جنھوں نے کتاب کی ترتیب میں بھی پوری مدد فرمائی ہے) اکثر صفحات کی کتابت خود ہی فرمائی۔ اسی طرح ڈاکٹر مولانا سید محمد نعیم ندوی صاحب نے بھی کرم فرمایا۔ پھر عزیزی ڈاکٹر سید سخی احمد ہاشمی صاحب (حال صدرِ شعبۂ اردو) اور ڈاکٹر مولانا ابوالفتح محمد صغیر الدین صاحب، نیز بیٹی رابعہ اقبال سلمہا نے بھی چند کلمات تبرعاً کتابت فرمائے۔ سندھ یونیورسٹی کے یہ تمام اساتذہ میرے لیے بہت عزیز ہیں۔ اللہ پاک ان کو خوش و خرم رکھے اور دونوں جہانوں میں سرفراز و سربلند فرمائے۔ آمین۔

ز شوقِ دوستِ بیدار اوراقِ دفترِ گلہا (سعداللہ گلشن)
بہار نامہ نوشتم ز اشکِ بلبلہا

عزیزِ گرامی ڈاکٹر نجم الاسلام صاحب نے کتاب کے آخر میں اشاریہ بھی شامل فرما دیا ہے اور میرے عزیز ڈاکٹر ابوالفتح صغیر الدین صاحب اور عزیزی پروفیسر ایاز الدین سلمہ کی رفاقت میں اس مجموعے کی تمام و کمال تصحیح بھی فرما دی ہے۔ ان سب حضرات کا شکریہ ادا کرنے کے لیے الفاظ تو نہیں ہیں لیکن دل شکر گذار اور دعاء گذار ہے۔

Marfat.com

ب

سلسلۂ مظہریہ کے دو سو مکتوبات کا مجموعہ

مشتمل بر دو ابواب

(۱) باب مظہرؒ (۱۷۲ مکتوبات)

(۲) باب نسیمؒ (۲۸ مکتوبات)

طبع اوّل

سنہ ترتیب ۱۹۷۲ء

سنہ طباعت ۱۹۷۵ء

قیمت

پندرہ روپئے

مطبوعہ:۔ آفریشیا پرنٹنگ پریس، ناظم آباد کراچی نمبر ۱۸

ملنے کا پتہ

حکیم محمود الزماں مکان نمبر 272/C یونٹ نمبر 7

لطیف آباد حیدرآباد سندھ پاکستان

Marfat.com

فہرست مندرجات

مقدمہ از مرتب ۱

(۱)

بابِ مظہرؒ

۱- مکتوبات حضرت مظہرؒ:

بنام قاضی ثناء اللہ پانی پتی ۲۹

" اخوند ملا محمد نسیم ۳۰

" میر عبدالہادی ۴۰

" "شیخ صاحب" ۴۳

۲- بنام حضرت مظہرؒ:

مکتوبات قاضی ثناء اللہ پانی پتی ۴۶

" محمد احسان احدی ۵۷

" نواب ارشاد خان ۶۴

" ظفر علی ۷۵

" غلام عسکری خان ۷۹

" مولوی ثناء اللہ سنبھلی ۸۳

" میر محمد مبین ۸۶

" میر علی اصغر عرف میر مکھو ۹۴

مکتوب شیخ محمد مراد ۹۸

مکتوبات محمد خان (برادر نامدار خان) ۱۰۰

Marfat.com

مکتوب غلام حسن	۱۰۱
" نعیم اللہ	۱۰۳
مکتوبات شاہ علی	۱۰۶
مکتوب اہلیۂ حضرتِ منظر	۱۱۰
مکتوبات محمد حسن خان خانزادہ	۱۱۰
مکتوب رحیم خان خانزادہ (!)	۱۱۴
مکتوبات عبدالعزیز خان	۱۱۷
مکتوب محمد کلیم	۱۱۹
مکتوبات فتح خان	۱۲۱
مکتوب والدہ عبدالرحیم	۱۲۴
" حمزہ خان	۱۲۵
" غلام نبی	۱۲۶
" جان عالم خان	۱۲۹
" امانی بیگم	۱۳۰
مکتوبات محمد خان (ہمشیرزادۂ دوندے خان)	۱۳۲
" ضیاء الدین حسین	۱۳۵
مکتوب منصب خان	۱۳۸
" محمد وجیہ الدین	۱۳۹
" اسد خان	۱۴۱
" برادرِ خواجہ فتح اللہ	۱۴۱
" امان اللہ و ہمشیرہ فتح محمد	۱۴۳
" افضل	۱۴۴
" نادعلی پسر شیخ غلام محمد	۱۴۵

Marfat.com

مکتوبات والدِ محمد مرتضیٰ خان		۱۴۶
مکتوب ہمشیرۂ خواجہ بادشاہ نقشبندی		۱۴۷
" چھوّرام		۱۵۰
" جیون		۱۵۰
" والدِ لبساون لال بیدآر		۱۵۱
مکتوبات چھترمل		۱۵۲
" نانک چند		۱۵۳
" مُرلی دَھر		۱۵۵
" نامعلوم		۱۵۹
۳۔ مکتوبات متوسلین حضرت مظہرؒ، فیمابینہم:		
حافظ شاہ محمد و حافظ نامدار	بنام میر صاحب جیو	۲۱۲
نامعلوم	" " "	۲۱۳
نعمت اللہؒ	" نامعلوم	۲۱۴
نامعلوم	" نواب ارشاد خان	۲۱۵
غلام حسن	" مولوی عبدالرزاق	۲۱۵
لعل خاں (؟)	" میر صاحب جیو	۲۱۸
عبداللہؒ خان	" برادران	۲۱۹
شاہ علی	" شاہ صاحب	۲۲۰
ابوسعید	" میاں ابوالعوالی	۲۲۱
قاسم بیگ	" شاہ نورخاں جیو	۲۲۲
نامعلوم	" اخوند صاحب	۲۲۲
عبدالعزیز خان	" ملا تیمور لعل خاں	۲۲۳
نامعلوم	" حاجی محمد رسول	۲۲۴

Marfat.com

ہمدمت (خان)	بنام میر مناقب و اخوند محمد سلیم	۲۲۴
حاجی امان	" میر صاحب	۲۲۵
محمد عجب	" دادا جی صاحب	۲۲۶
مکتوب سفارش برائے شاہ نوراللہ درویش		۲۲۷
رکن الدین	بنام حافظ نور جیو	۲۲۷
کمال خان	" عبداللہ خان جیو	۲۲۸
نفر الدین	" قطب الدین جیو	۲۳۰
حاجی عبدالخالق	" ملا محمد فاروق	۲۳۱

(۲)

بابِ نسیمؒ

۱۔ مکتوبات قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ ۲۳۴
۲۔ مکتوب اہلیہ حضرت مظہرؒ ۲۴۱
۳۔ مکتوب والدہ ماجدہ حضرت نسیمؒ ۲۴۲
۴۔ مکتوبات احباب و مریدین
مکتوب سید غلام ۲۴۳
" عبدالقدوس ۲۴۵
" محب اللہ ۲۴۷
مکتوبات محب اللہ و عبدالقدوس ۲۴۸
مکتوب میر محمدی ۲۵۲
مکتوبات نامعلوم ۲۵۳

Marfat.com

مکتوب محمد	۲۵۶
مکتوب سیف الدین احمدی	۲۵۷
مکتوبات غلام حسن	۲۵۸
" عبداللہ	۲۶۳
مکتوب بشارت اللہ	۲۶۵
" حاتم	۲۶۶
" محمد نصیر	۲۶۷
" محمد غلام	۲۶۹
" نامعلوم	۲۶۹
" دوندیا خان پسر دین محمد	۲۷۰

ضمیمہ:

مکتوب صاحبزادہ حکیم محمد میرآغا جان بنام مرتب	۲۷۱

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

محترم ڈاکٹر خلیق انجم نے مختلف مجموعوں کے مطالعے سے حضرت میرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۱۹۵ھ) کے مکتوبات اور نثری تحریروں کو مرتب کرکے ان کا اردو ترجمہ ۱۹۶۲ء میں دہلی سے "مرزا مظہر جانجاناں کے خطوط" کے نام سے شائع کیا تھا۔

پھر محترم عبدالرزاق قریشی نے حضرت مظہرؒ کے نادر اور غیر مطبوعہ فارسی مکتوبات کا ایک مجموعہ "مکاتیبِ میرزا مظہرؒ" کے نام سے ۱۹۶۶ء میں بمبئی سے شائع کیا، جس میں علاوہ تین مطبوعہ مکتوبات کے، ۱۴۴ غیر مطبوعہ مکتوبات تھے جو مرتب کو حضرت مولانا ابوالحسن زید صاحب فاروقی، سجادہ نشین درگاہ شاہ ابوالخیرؒ (چتلی قبر، دہلی) سے ملے تھے اور مولانا موصوف کو حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کے مکان واقع محلہ قاضیان، پانی پت سے حاصل ہوئے تھے۔ قاضی صاحبؒ کو حضرت مظہرؒ سے کیسی شیفتگی اور عقیدت تھی اور ان کے مکتوبات کو کیسی حفاظت سے رکھا ہوگا!

اس دوران میں حسنِ اتفاق سے راقم الحروف کو حضرت مولانا حنیف اللہ صدیقی سے شرفِ نیاز حاصل ہوا، جو گمبٹ (ضلع خیرپور، سندھ) میں عربی کے معلم ہیں اور ریاست دیر (مالاکنڈ ایجنسی) کے مقام اوچ کے رہنے والے ہیں۔ اوچ میں اس وقت اُن کے بڑے بھائی محترم حکیم صاحبزادہ محمد میر آغا جان صاحب خانقاہ اخوند ملا محمد نسیمؒ الموسوم بہ خانقاہ نور محل میں مسند نشین تھے۔ حضرت اخوند ملا محمد نسیمؒ حضرت مظہرؒ کے ممتاز خلفاء میں سے تھے اور برسوں حضرت

Marfat.com

مظہرؒ کی خدمت میں حاضر رہے تھے۔ اُن کی حضرت مظہرؒ سے عقیدت و شیفتگی بہت غیر معمولی اور بے مثل تھی جس کا ذکر مقامات مظہری میں خاص طور سے کیا گیا ہے اور صراحت کی گئی ہے کہ حضرت مظہرؒ سے اخلاص و متابعت کا جذبہ یہاں تک راسخ تھا کہ کوئی کام آپ کی اجازت کے بغیر نہیں کرتے تھے۔ اسی اخلاص و عقیدت کے سبب سے حضرت مظہرؒ کی کئی یادگاریں[1]، اور ایک بڑی تعداد میں سلسلۂ مظہریہ کے مکتوبات ان کے پاس محفوظ رہے، اور ان کے بعد ان کے اخلاف کی توجہات کے نتیجے میں آج تک خانقاہ نورمحل اوچ، دِیر میں محفوظ ہیں۔

راقم الحروف نے حضرت نسیمؒ کے جمع کردہ نادر اور غیر مطبوعہ مکتوبات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے اوچ کا سفر اختیار کیا۔ خانقاہ میں حضرت مظہرؒ کے دس مکتوبات، اور ان کے خلیفہ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ (م ۱۲۲۵ھ) کے نو مکتوبات موجود ہیں۔ حضرت مظہرؒ کے نام ان کے احباب اور مریدین و متوسلین کے لکھے ہوئے مکتوبات بھی ایک بڑی تعداد میں موجود ہیں۔ ان کی تعداد ۱۳۷ ہے۔ علاوہ ازیں ۴۴ مکتوبات ایسے ہیں جو حضرت مظہرؒ کے احباب اور مریدین و متوسلین نے آپس میں ایک دوسرے کو تحریر کیے ہیں، یا

---

[1] ملا نسیم کی خانقاہ میں حضرت مظہرؒ کی شہادت کے وقت کے خون آلودہ کپڑے بھی محفوظ ہیں۔ شہادت چونکہ ۶ جنوری ۱۷۸۱ء (۱۰ محرم ۱۱۹۵ھ) کو ہوئی تھی یعنی سخت سردی کے دن تھے اس لیے حضرت میرزا صاحبؒ "روئی" کا فرغل پہنے ہوئے تھے۔ بائیں طرف دل کے قریب، وہ فرغل چاقو کی ضرب سے خون آلودہ ہے اور اس وقت کا ہتھ بھی ہے جس کے سامنے کے حصے میں دو سوراخ پھرتے پھرے ہیں اور پچھلے حصے میں بڑے بڑے سوراخ چلے ہوئے اور خون آلودہ ہیں۔ وہیں ایک پوٹلی میں وہ دھجیاں بھی ہیں جن سے حضرتؒ کا فرغل پونچھا گیا تھا۔ یہ سب چیزیں خانقاہ نورمحل میں موجود ہیں۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک بھی ہیں۔ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کا سبز کلاہ اور خود ملا نسیمؒ کے کرتے اور ٹوپیاں بھی موجود ہیں۔ حضرت مظہرؒ کا فرغل راقم الحروف نے پہن کر دیکھا تھا جس سے اندازہ ہوا کہ ان کا جسمِ مبارک راقم الحروف کے بدن کی طرح تھا۔

Marfat.com

حضرت نسیمؒ کے متوسلین نے تحریر کیے ہیں۔ اس موقع پر حضرت نسیمؒ کے اخلاف مذکورہ کی عنایت سے نہ صرف ان غیر مطبوعہ مکتوبات میں سے بعض کی نقل حاصل ہوئی، بلکہ چند کے عکوس تیار کرانے کا موقع بھی ملا۔

راقم الحروف نے اس ذخیرۂ مکتوبات کو علمی حلقوں سے روشناس کرانے کی سعادت حاصل کی۔ رسالہ اردو کراچی میں اس سلسلے کی دو قسطیں چھپیں جولائی ۱۹۶۷ء کے شمارے میں حضرت مظہرؒ کے چند غیر مطبوعہ مکتوبات پیش کیے گئے اور ان مکتوبات شریف تک رسائی کی کیفیت بھی درج کردی گئی۔ پھر رسالہ اردو کی دوسری اشاعت بابت اکتوبر ۱۹۶۷ء میں حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کے مکتوبات پیش کیے گئے۔

ان مکتوبات کے پہلی بار چھپنے کے بعد، قبلہ حکیم صابزادہ محمد میر آغا جان صاحب سجادہ نشین خانقاہ نور محل نے یہ کرم فرمایا کہ ۱۹۶۹ء میں خود اپنے دستِ مبارک سے باقی جملہ مکتوبات نقل کرکے روانہ فرمائے۔ افسوس کہ قبلہ حکیم صاحب نے پنج شنبہ ۲ رمضان ۱۳۹۲ھ (۱۲ اکتوبر ۱۹۷۲ء) کو انتقال فرمایا اور وہ یہ مطبوعہ مجموعہ نہ دیکھ سکے[1]

ان مکتوبات کو از سرِ نو ترتیب دے کر پیش کیا جا رہا ہے۔ بعض مکتوبات کے لکھنے والوں کا نام بصراحت مکتوبات میں موجود نہیں ہے۔ قرائن

---

[1] قطعۂ تاریخ وفات حکیم محمد میر آغا جان صاحب مرحوم، از مرتب:-

گذشت افسوس ازیں دنیا — جنابِ مرشدِ ذی شان
شہِ طبعِ صفا نوده — محمد میر آغا جان
مطیعِ دینِ حق چون او + کجا پیدا کند یزدان = ۱۹۷۲ء
طبیبِ ظاہر و باطن — یقیناً رہبرِ عرفان
حکیم و عالم و حافظ — حبیبِ حق و انس و جان
نہ بودش ہیچ در عالم — ہوا و حرص عالمیان
سرو پائے ہوا ببرید — محمد میر آغا جان
۱۴۵ — ۸ ۹ ۳ ۱ = ۱۳۹۲ھ

Marfat.com

اور شواہد کی بنا پر ان کے لکھنے والوں کے نام کی تعیین کی گئی ہے۔ بہت سے مکتوب نگار حضرت مظہرؒ کے سلسلے کے معروف و ممتاز افراد ہیں جن کا ذکر اس سلسلے کی کتابوں میں جگہ جگہ آتا ہے۔ علاوہ ازیں، اس مجموعے کے متعدد مکتوبات سے بھی ان حضرات کے مزید حالات پر روشنی پڑتی ہے۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ، محمد احسان احمدی، نواب ارشاد خاں اور ان کے صاحبزادے ظفر علی، غلام عسکری خاں، مولوی ثناء اللہ سنبھلی، میر محمد تبین، میر علی اصغر عرف میر بکھو، محمد مراد، غلام حسن، نعیم اللہ، محمد کلیم اور اخوند محمد نسیم — یہ وہ حضرات ہیں جن کا ذکر حضرت مظہرؒ کے مکتوبات میں جگہ جگہ ہے اور ان کے نام مکتوبات بھی ہیں۔ نیز مقامات مظہری میں، ان میں سے اکثر کا بیان حضرت کے خلفاء کے ذیل میں آیا ہے۔ ان سب ماخذوں سے حالات اخذ کر کے مکتوبات سے قبل درج کر دیے گئے ہیں تاکہ اس مجموعے کے مکتوبات کو سمجھنے میں سہولت ہو اور جہاں جہاں ممکن ہوا، تعیین سنین کی بھی کوشش کی گئی ہے۔

اس مجموعے میں، حضرت مظہرؒ کے نام لکھے ہوئے ایسے مکتوبات بھی ہیں جو حضرت مظہرؒ کے بعض مکتوبات کے جواب میں ہیں اور اس طرح کلمات طیبات اور محترم خلیق انجم و محترم عبدالرزاق قریشی کے مجموعوں میں شامل شدہ بعض مکتوبات کو سمجھنے میں وہ معاون ثابت ہوں گے۔ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کے نام کلمات طیبات اور محترم خلیق انجم کے مجموعے میں حضرت مظہرؒ کے سات مکتوبات ہیں۔ محترم عبدالرزاق قریشی کے مجموعے میں یہ تعداد ۱۳۰ تک پہنچ گئی ہے۔ کلمات طیبات کے مکتوبات ۵۷، ۶۷ کے بارے میں، جو قاضی صاحبؒ کے نام لکھے ہوئے مکتوبات میں سے ہیں، محترم عبدالرزاق قریشی نے صراحت کی ہے کہ یہ حضرت مظہرؒ کے اصل مکتوبات کے انتخابات کی شکل میں ہیں۔ بہرکیف

Marfat.com

ان کو نظر انداز کر دیا جائے تو بھی قاضی صاحبؒ کے نام، حضرت مظہرؒ کے کوئی ۱۳۵ مکتوبات ہوتے ہیں جو مطبوعہ مجموعوں میں شامل ہیں۔ مگر قاضی صاحبؒ کا کوئی ایسا مکتوب جو حضرت مظہر کے نام لکھا گیا ہو، دستیاب نہیں تھا۔ اب اس مجموعے (لوایح خانقاہِ مظہریہ) میں قاضی صاحبؒ کے پانچ مکتوبات بنام حضرت مظہرؒ شامل ہیں۔ اسی طرح اور بھی کئی ایسے حضرات کے لکھے ہوئے مکتوبات اس مجموعے میں شامل جن کے نام حضرت مظہرؒ کے مکتوبات کلمات طیبات میں اور محترم عبدالرزاق قریشی کے مجموعوں میں ہیں اور اس مجموعے کی بدولت حضرت مظہرؒ اور ان کے احباب کے مابین خط و کتابت کا وہ سلسلہ دو طرفہ ہو رہا ہے جو مطبوعہ مجموعوں میں اب تک یک طرفہ ہی رہا ہے۔ اس طرح حضرت مظہرؒ اور ان کے احباب اور مریدین کے مابین تعلقات و مراسم کی تصویر زیادہ واضح طور سے اُبھرتی ہے۔

بعض مکتوبات میں تاریخی واقعات کی طرف اشارات ملتے ہیں، خصوصیت کے ساتھ شاہ ابدالی اور نواب قاسم علی خاں سے متعلق اشارات قابلِ لحاظ ہیں۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ اور مُرلی دھر کے مکتوبات میں، احمد شاہ ابدالی کی آمد آمد کی خبروں کا ذکر ہے۔ نواب قاسم علی خاں سے متعلق مکتوبات کی تاریخی افادیت اور زیادہ واضح ہے۔ حضرت مظہرؒ کا روہیلہ سرداروں پر گہرا اثر تھا۔ ان کے سلسلے کے کئی حضرات، نواب عمادالملک، نواب نجیب الدولہ، نواب افضل خاں برادر نجیب الدولہ، اور نواب مجدالدولہ کی سرکاروں سے وابستہ تھے۔ ملا رحم داد روہیلہ خود حضرت مظہرؒ کا عقیدت مند تھا اور اس کے لشکر میں حضرتؒ کے متعدد مرید تھے جب کہ وہ سکھوں پر لشکر کشی میں مشغول تھا۔ اور روہیل کھنڈ کے سرداروں میں، حافظ رحمت خاں، دوندے خاں، اس کا بیٹا محب اللہ

Marfat.com

خاں اور ہمشیرزادہ محمد خاں وغیرہ حضرت مظہرؒ سے تعلق رکھتے تھے۔ نواب قاسم علی خاں جب بکسر کی لڑائی میں شکست کے بعد شمالی ہند آیا اور دوبارہ فوج اکٹھی کرنے کا منصوبہ اس نے بنایا تو حضرت مظہرؒ کے متوسلین نے بھی اس مہم میں دل چسپی لی، جیسا کہ اِس مجموعے کے متعدد مکتوبات سے ظاہر ہے۔ عربی زبان میں لکھا ہوا ایک مکتوب تمام تر اسی نوعیت کا ہے، اور بہت اہم معلوم ہوتا ہے اِس میں ایک عقیدت مند سردار کی جانب سے، حضرت مظہرؒ کے توسط کو کام میں لاتے ہوئے سوار اور پیادے اور گھوڑے مہیا کرنے کی پیش کش کی گئی ہے۔ حضرت مظہرؒ کے ایک مکتوب بنام میر عبدالہادی میں نواب قاسم علی خاں کی ان کوششوں کا تفصیلاً ذکر ملتا ہے اور اسی میں مکتوب الیہ کی اس فرمائش پر کہ نواب قاسم علی خاں سے ان کے لیے بھی سفارش کی جائے، حضرت مظہرؒ نے ان موانع کا بھی ذکر کر دیا ہے جو نواب قاسم علی خاں کو جانباز روہیلوں کا تازہ دم لشکر بھرتی کرنے میں پیش آئے۔ روہیلہ سرداروں نے روہیلہ سپاہیوں کی بھرتی کی اجازت اوّلاً تو دے دی، لیکن جب دیکھا کہ نواب قاسم علی خاں کے علوفہ بیش قرار مقرر کرنے کے سبب سے جاگیردار سب اس کی رفاقت میں کھنچے چلے جاتے ہیں تو از راہِ دور اندیشی وہ سردار مانع آئے اور ناچار نواب قاسم علی خاں بریلی جاکر بیٹھ گئے۔

نواب افضل الدولہ (برادرِ نجیب الدولہ) کے لشکر کے رسالداروں میں سے رحیم خاں خانزادہ اور محمد حسن خاں خانزادہ بھی حضرت مظہرؒ کے عقیدت مندوں میں شامل تھے جو حضرتؒ کے ارشادات کی تعمیل میں کوشاں رہتے تھے جیسا کہ ان حضرات کے لکھے ہوئے مکتوبات (بنام حضرت مظہرؒ) سے ظاہر ہوتا ہے۔ غلام عسکری خاں اور نواب ارشاد خاں (اور ان کے صاحبزادے ظفر علی خاں) بختاور خاں، محمد خاں آفریدی، میرزا محمد علی بیگ، خواجہ عبید خاں یہ سب اصحابِ سیف تھے جو حضرت مظہرؒ کے عقیدت مندوں میں سے تھے۔ امراء

Marfat.com

رسالداروں، جماعہ داروں اور دیگر فوجی خدمات انجام دینے والوں کی اس کثیر تعداد میں حضرت مظہرؒ سے عقیدت مندی کے نتیجے میں، حضرت مظہرؒ کے سیاسی اثرات بھی خاصے نمایاں تھے۔ نجف خاں کے دورِ وزارت میں جو حضرتؒ کی شہادت کا واقعہ پیش آیا، واقعات و حالات کو دیکھتے ہوئے کوئی اتفاقی نوعیت کا نہ تھا، بلکہ سیاسی مخالفین کی منصوبہ بندی کے نتیجے میں عمل میں آنے والا سیاسی قتل تھا۔ بہرکیف، اس مجموعے کے متعدد مکتوبات سے، اربابِ سیف و علم سے حضرت مظہرؒ کے تعلقات پر روشنی پڑتی ہے۔

حضرت مظہرؒ کے جو مکتوبات اس مجموعے میں شامل ہیں اُن کا اسلوب سابقہ مجموعوں کے مکتوبات جیسا ہے۔ پُر تکلف اور رسمی القاب و آداب ان مکتوبات میں بھی نہیں ہیں۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کے نام مکتوب یوں شروع ہوتا ہے: "بعد حمد و صلوٰۃ از فقیر جان جاناں، برادر باکمال فضیلت پناہ مولوی ثناء اللہ صاحب مطالعہ نمایند"۔ حضرت مظہرؒ نے ثناء اللہ کو سناء اللہ لکھا ہے۔

ملا نسیمؒ کے نام مکتوبات میں بھی، حمد و صلوٰۃ اور اپنے نام کی صراحت کے بعد کچھ ایسے ہی انداز میں مکتوب الیہ کو مخاطب کیا ہے یعنی "فرزند سعادت مند مولوی محمد نسیم جیو سلمہ الرحمن مطالعہ نمایند" یا "فرزندِ عزیز از جان اخوندزادہ محمد نسیم، اوصلہ اللہ الکریم الی مقام عظیم، مطالعہ نمایند" یا "فضائل پناہ کمالات دستگاہ اخوندزادہ ملا محمد نسیم جیو ابقاہ الرحمن مطالعہ نمایند"۔ میر عبدالہادی کے نام جو مکتوب ہے اس کا آغاز یوں ہوتا ہے "بعد حمد و صلوٰۃ از فقیر جان جانان میر عبدالہادی صاحب مطالعہ نمایند"۔ اور ایک مکتوب ایسا بھی ہے جس میں مکتوب الیہ کا پورا نام تک ندارد ہے، صرف "شیخ صاحب مطالعہ نمایند" لکھ دیا گیا ہے۔

Marfat.com

عبارت کا انداز بھی وہی سادہ و بے تکلف ہے اور چھوٹے چھوٹے جملوں پر مبنی، جو حضرت مظہرؒ کے مکتوبات کے سابقہ مجموعوں میں ملتا ہے حضرت مظہرؒ دن، تاریخ اور مہینا تو اپنے مکتوبات میں لکھ دیتے ہیں مگر سنہ سوائے ایک مکتوب (بنام سید موسیٰ خاں دہبیدی، مشمولہ مجموعہ عبدالرزاق قریشی) کے اور کہیں لکھا ہوا نہیں ملتا۔ یہی صورت حضرتؒ کے ان مکتوبات کی بھی ہے جو اس مجموعے میں شامل ہیں۔

حضرت مظہرؒ کے نام مریدین و متوسلین کے جو مکتوبات ہیں، ان میں حضرتؒ کے لیے القاب و آداب کا ایک مخصوص و منفرد انداز گویا اکثر نے اپنے لیے جدا جدا مقرر کر لیا ہے اور اس سبب سے بعض نامعلوم الاسم مکتوبات کے لکھنے والوں کے نام معلوم کرنے میں مرتب کو مدد بھی ملی ہے۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ حضرت مظہرؒ کے نام اپنے مکتوبات کو یوں شروع کرتے ہیں: "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔ عرضی مکترین غلامان محمد ثناء اللہ بموقف عرض میرساند۔ احوال غلام مستوجب حمد الٰہی و شکر توجہات قبلہ گاہیست ادام اللہ برکاتہٗ و صحت ذات اقدس مقدس مدام مطلوب"۔ ملا نسیمؒ کے نام جو مکتوب قاضی صاحب نے لکھے ہیں ان میں بھی ایک معوّرہ انداز ملتا ہے۔ وہ یوں شروع کرتے ہیں۔ "الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔ مودی صاحب مشفق مہربان اخوند ملا محمد نسیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ سلامت فقیر حقیر محمد ثناء اللہ پانی پتی بعد از سلام سنت الاسلام و نیاز مندیہا و اشتیاق بہجت آیات مطالعہ فرمایند"۔ قاضی صاحبؒ کے جو مکتوبات کلمات طیبات میں بنام شاہ غلام علی و شیخ محمد قاضی کرانہ و نعیم اللہ بہرائچی شامل ہیں ان کا انداز بھی کچھ یہی ہے۔ حضرت مظہرؒ کے مریدین و متوسلین میں سے محمد احسان احمدی اکثر "خداوند خدایگان مدظلہ العالی" یا "خداوند نعمت مدظلہ العالی سلامت" پر اکتفا کرتے ہیں۔ نواب ارشاد خاں

کے صاحب زادے ظفر علی نے احترام کا یہ طریقہ اپنایا ہے کہ مکتوب کے انداز میں نہیں، بلکہ عرضی کے انداز میں عرضِ مدعا کرتے ہیں اور یوں شروع کرتے ہیں "معروض میدارد کہ ....." اور خاتمہ "عرض ظفر علی" لکھ کر کرتے ہیں۔ یا کبھی شروع میں حضرت قبلہ وکعبہ مدظلہ العالی بھی لکھتے ہیں۔ حضرت مظہرؒ کی پیروی میں، ظفر علی نے بھی اپنے ہم وطن اور استاد مولوی ثناء اللہ سنبھلی کو حضرت مظہرؒ کے نام اپنے مکتوب میں "س" سے ثناء اللہ لکھا ہے۔ غلام عسکری خاں "حضرت قبلہ وکعبہ دوجہان مدظلہ العالی" اور مولوی ثناء اللہ سنبھلی "جناب عالی حضرت پیر دستگیر مدظلہم العالی میرساند" لکھتے ہیں۔ میر محمد مبین کا اندازِ تخاطب بھی انہی سے مخصوص ہے۔ وہ "عرض مبارک مقدس قبلۂ عالم وعالمیان قطب ربانی قیوم زماں پیر دستگیر حضرت ایشاں مدظلہ العالی میرساند" لکھ کر مکتوب شروع کرتے ہیں۔ مگر ان سبھوں میں سب سے عمدہ اور معنی خیز انداز نواب ارشاد خاں کا ہے کہ اپنا نام، بصراحت، مکتوبات میں نہیں لاتے مگر القاب وآداب میں اس کی رعایت ملحوظ رکھتے ہیں اور حضرت مظہرؒ کو یوں مخاطب کرتے ہیں "حضرت پیر ومرشد قبلۂ ارشاد مدظلہ العالی"۔

مقاماتِ مظہری میں حضرت مظہرؒ کے ۷ اہم خلفاء کے حالات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے جن کے لکھے ہوئے مکتوبات اِس مجموعے (لوایح خاتقاہ مظہریہ اعنی مکتوبات مدرسۂ دیر) میں شامل ہیں، ان کے نام یہ ہیں:

(۱) قاضی ثناء اللہ پانی پتی

(۲) شیخ محمد احسان احمدی

(۳) نواب ارشاد خاں سنبھلی

(۴) مولوی ثناء اللہ سنبھلی

(۵) میر محمد مبین

Marfat.com

(۶) میر علی اصغر عرف میر مکھو
(۷) شیخ محمد مراد
(۸) شیخ غلام حسن
(۹) نعیم اللہ
(۱۰) محمد کلیم ، اور
(۱۱) اخوند محمد نسیم -

یہ سب حضرات حضرت مظہرؒ کے ممتاز خلفاء میں سے ہیں - مگر ان کے مکتوبات میں طلب رشد و ہدایت یا طلب نصیحت پر مشتمل کوئی چیز نہیں ملتی حضرت مظہرؒ کے لکھے ہوئے مکتوبات میں بھی یہی صورت ہے ، اور یہی صورت محترم عبدالرزاق قریشی کے مجموعے کے مکتوبات میں بھی ہے کہ ان میں وعظ و تذکیر اور دعوت و اصلاح کا انداز نہیں ہے - دعوت و اصلاح اور رشد و ہدایت کے مضامین پر مبنی مکتوبات کلمات طیبات ہی میں ملتے ہیں - بہرکیف ، ان مکتوبات کی بھی اپنی ایک اہمیت ہے - حضرت مظہرؒ کی گھریلو زندگی ، احباب اور مریدین و متوسلین ، امراء ، علماء ، فضلاء ، فوجی سرداروں اور دیگر عام آشناؤں سے حضرت مظہرؒ کے تعلقات و مراسم اور معاملات و مراسلات کی ایک ایسی بھرپور تصویر ان مکتوبات سے ابھرتی ہے جس میں صرف حضرت مظہرؒ کی انفرادی و اجتماعی زندگی کی تفصیلات ہی نہیں ، بلکہ اس دور کی معاشرتی ، سیاسی اور اقتصادی حالت کی جھلکیاں بھی نظر آتی ہیں - بڑی بات یہ ہے کہ یہ مکتوبات از اوّل تا آخر بنی نوعیت کے ہیں اور منظرِ عام پر آنے کے احساس کے تحت نہیں لکھے گئے ہیں - اس لیے ان میں مکتوب نگار اور مکتوب الیہ کی شخصی زندگی کی سچی تصویریں ہیں - اور حضرت مظہرؒ کی مثالی زندگی ایک کھلی کتاب کی طرح سامنے آتی ہے - معاملات میں ، ادائے حقوق میں ، صلۂ رحمی میں ، دوسروں کے کام آنے

Marfat.com

ہیں اور گھریلو زندگی کی تلخیوں کو صبر و ثبات کے ساتھ سہتے ہیں، دینی حمیت ہیں، شریعت کی پابندی ہیں، ملکی معاملات و مسائل سے باخبر رہنے اور وقت کی رفتار کو سمجھنے میں حضرت مظہرؒ کی دل کش شخصیت کے جو جو پہلو، جس بے تکلفی اور سچائی کے ساتھ ان مکتوبات میں نظر آتے ہیں وہ اور کہاں ملیں گے؟ تاریخ کی رنگ آمیزیاں تو اچھی اچھی شخصیتوں کو کچھ کا کچھ بنا دیتی ہیں اور حضرت مظہرؒ کی دلکش و دل آویز شخصیت کے ساتھ تو بعض اہلِ قلم نے دانستہ کچھ زیادتیاں کی ہیں۔ لیکن اللہ پاک کا یہ کرم ہے کہ حضرت مظہرؒ کے لکھے ہوئے مکتوبات اتنی بڑی تعداد میں قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کے مکان سے دستیاب ہوئے جو محترم عبدالرزاق قریشیؒ کے مجموعے میں شامل ہیں، اور اب حضرتؒ کے ایک اور ممتاز خلیفہ اخوند ملا محمد نسیمؒ کی خانقاہ سے، حضرتؒ اور ان کے احباب و وابستگان کے مکتوبات کا یہ ذخیرہ دستیاب ہو کر بفضلہٖ منظرِ عام پر آ رہا ہے۔

مکتوبات کے اِس مجموعے کی تقسیم دو حصوں یا ابواب پر کی گئی ہے۔ پہلا حصہ "بابِ مظہرؒ" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے، اور دوسرا حصہ "بابِ نسیمؒ" کے نام سے۔ بابِ مظہرؒ میں حضرت مظہرؒ کے لکھے ہوئے اور ان کے نام آئے ہوئے مکتوبات کے علاوہ آپ کے سلسلے کے حضرات کے آپس میں لکھے ہوئے مکتوبات بھی ہیں۔ اور اِن مکتوبات کی اہمیت پر، اوپر روشنی ڈالی جا چکی ہے۔

دوسرا حصہ یعنی "بابِ نسیمؒ" اخوند ملا محمد نسیمؒ کے نام قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ، اہلیہ حضرت مظہرؒ، والدۂ ماجدۂ حضرت نسیمؒ کے مکتوبات ہیں اور ان کے علاوہ احباب اور مریدین کے مکتوبات

Marfat.com

بھی ہیں جو اخوند محمد نسیم کے نام لکھے گئے ہیں۔ ان مکتوبات سے سرحد کے علاقوں میں سلسلۂ مجددیہ نقشبندیہ کی ترویج و اشاعت سے متعلق کچھ معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

"تذکرۂ علماء مشائخ سرحد" مولفہ محمد امیر شاہ قادری میں سرحد کے علماء کے ساتھ ساتھ "مشائخ" کا ذکر بھی ہے اور سلسلۂ نقشبندیہ کے بزرگوں میں حضرت شیخ یحییٰ المعروف بہ حضرت جی صاحبؒ (۱۰۴۱ھ تا ۱۱۳۱ھ) حافظ عبدالغفور نقشبندی پشاوریؒ (۱۰۵۲ھ تا ۱۱۱۶ھ) سید شاہ محمد غوثؒ (۱۰۸۴ھ تا ۱۱۵۲ھ) حاجی محمد امین صدیقی نقشبندیؒ ساکن پشاور۔ حضرت غلام محمد المعروف بہ حضرت جی صاحب پشاوری نقشبندیؒ (۱۱۰۱ھ تا ۱۱۷۵ھ) حافظ محمد اعظم (۱۲۰۵ھ تا ۱۲۷۵ھ)۔ آقا سید پیر جان (م ۱۳۱۵ھ) اور ملا محمد عظیم کے نام آتے ہیں۔ علاوہ ان حضرات کے، سرحد میں ایک اور خانوادہ ہے جس سے طریقۂ مجددیہ کو فروغ حاصل ہوا، یعنی سرہند پر سکھوں کے تسلط کے بعد حضرت قطبِ وقت فضل احمد معصومیؒ المعروف بہ "حضرت جیو صاحب" (۱۱۵۱ھ تا ۱۲۳۱ھ) ۱۱۸۷ھ میں پشاور تشریف لے گئے اور وہاں محلہ کاکا جعفر دارو غہ کچہری میں اقامت فرمائی۔ آپ کا نسب حضرت مجددِ الفِ ثانی قدس سرہٗ کے بڑے بھائی شاہ عبدالرزاقؒ تک پہنچتا ہے اور دادی کی طرف سے آپ "معصومی" ہیں۔ آپ نے بخارا تک پانچ سفر بھی کیے۔ شاہِ بخارا غازی شاہ مراد، اس کے بیٹے اور امراء نے بھی آپ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ آپ نے شاہ محمد رسا"ؒ سے، انھوں نے خواجہ محمد پارسائؒ سے اور انھوں نے حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے دو صاحب زادوں سے یعنی خواجہ محمد نقشبند ثانیؒ اور مروج الشریعت خواجہ محمد عبیداللہؒ سے فیض حاصل کیا تھا۔ شاہ فضل احمد معصومیؒ کا

Marfat.com

مزار پشاور کے چوک نامرخاں، محلہ فضلِ حق" میں واقع ہے۔ آپ کی اولاد ۱۲۶۲ھ میں پشاور سے تنگی اور وہاں سے سوات کو ہجرت کر گئی۔ مولانا عبداللہ جان فاروقی صاحب مدظلہ (تھانہ۔ گڑھی حضرت خیل۔ ملاکنڈ) آپ ہی کے اخلاف میں سے ہیں۔

ان کے علاوہ حضرت شاہ غلام محمدؒ المعروف "حضرت جی" (ابن شاہ غلام محمد معصوم ثانیؒ ابن خواجہ محمد صبغۃ اللہؒ ابن خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہٗ) بھی صاحبِ فیض بزرگ تھے۔ ان کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ آپکی اولاد کابل، قندہار اور سندھ میں آباد ہے اور ان کی وجہ سے ایک عالم مستفیض ہو رہا ہے۔

سید شاہ محمد غوث نے جن کا ذکر مشائخ سرحد کے ذیل میں اوپر آچکا ہے، شیخ عبدالاحد عرف شاہ گل المتخلص "وحدت" سے کسب فیض کیا تھا۔ اور شاہ غلام حسن (المتوفی ۱۲۰۴ھ) جن کے مکتوبات "باب نسیم" میں شامل ہیں حضرت غلام محمد المعروف بہ حضرت جی صاحب کے فرزند تھے۔

مشائخ سرحد میں ایک اور بزرگ آقا سید پیر جان کا بھی ذکر آیا ہے جو برادرِ خورد تھے سید غلام کے، جن کے مکتوبات "باب نسیم" میں شامل ہیں۔

---

[1] شاہ غلام محمد معصوم ثانیؒ کے چوتھے فرزند شاہ محبت اللہؒ (م ۱۲۱۶ھ) کابل میں مدفون ہیں۔ ان کے صاحب زادے صفی اللہؒ، ان کے عبدالباقیؒ، ان کے محمد صدیقؒ، ان کے فضل قیومؒ اور ان کے صاحب زادے حضرت نور المشائخ فضل عمرؒ (المعروف ملا شور بازار۔ المتوفی ۲۵ محرم ۱۳۷۷ھ) تھے۔ جن کے صاحب زادے فضل عثمان صاحب اور ضیاء المشائخ مولانا محمد ابراہیم صاحب مدظلہما ہیں۔ شاہ غلام محمد معصوم ثانیؒ کے چھوٹے فرزند محمد صادقؒ تھے جن کے صاحب زادے غلام محی الدینؒ تھے جو حیدر آباد سندھ میں فوجی ہسپتال کے عقب میں مدفون ہیں۔ اُن کے صاحب زادے فدائے محی الدینؒ، ان کے حاجی محمد شریفؒ، ان کے بحرالدینؒ اور ان کی صاحب زادی خدیجہؒ (م ۱۳۹۱ھ) تھیں۔ لیکن شاہ غلام محمد معصوم ثانیؒ کے بھائی فرزند حضرت شاہ غلام محمدؒ کے اخلاف نے سندھ میں بہت فیض پہنچایا ہے۔ ان کے صاحب زادے شاہ غلام حسنؒ تھے، ان کے شاہ غلام نبیؒ، ان کے شاہ محمد فضل اللہؒ اور ان کے شاہ عبدالقیومؒ تھے۔ مؤخر الذکر تین بزرگ قندہار میں مدفون ہیں۔ شاہ عبدالقیومؒ کے صاحب زادے خواجہ عبدالرحمٰنؒ (م ۱۳۱۵ھ) تھے جو معتبرہ کوہ گنج (حیدر آباد سندھ سے قریب ۱۰ میل) میں آرام فرما ہیں۔ ان کے دو صاحب زادے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۴۴ پر)

Marfat.com

سیّد غلامؒ المعروف سید میرجی (م ۱۲۸۳ھ) جن کا نسب پانچ واسطوں سے ابو البرکات سیّد حسن قادری پشاوریؒ سے مل جاتا ہے، اُن کے بارے میں مجموعۂ ہٰذا مزید معلومات فراہم کرتا ہے۔ ان کا تعلق ملّا محمد نسیمؒ سے بھی رہا ہے جیسا کہ مُلّا صاحب کے نام اُن کے مکتوب سے ظاہر ہے۔

مُلّا محمد عظیمؒ بھی مُلّا محمد نسیمؒ کے تعلق کے تھے۔

حضرت مظہرؒ سے تربیت پانے والے، سرحد کے جن حضرات کا ذکر مقاماتِ مظہری میں ہے ان کے بارے میں، اس مجموعے سے مزید کچھ معلومات ملتی ہیں۔ نیز مُلّا محمد نسیمؒ نے دہلی سے واپس آکر اوچ (دیر) میں رہ کر رشد و ہدایت کا جو سلسلہ جاری کیا تھا اس کے فیض یافتگان کے کچھ نام بھی سامنے آجاتے ہیں۔

مقاماتِ مظہری میں اخون نور محمد قندہاری، مُلّا نسیم، مُلّا عبدالرزاق، مُلّا جلیل، ملا عبداللہ اور مُلّا تیمور کا ذکر حضرت مظہرؒ کے خلفاء کے ذیل میں آتا ہے۔ یہ ساتوں حضرات سرحد کے ہیں۔ اخون نور محمد علم دین سے بہرہ رکھتے تھے اور طریقۂ نقشبندیہ کی تعلیم بھی پائی تھی۔ ملا نسیم کو مقامات میں "اجلہ خلفای حضرت ایشان" میں سے قرار دیا گیا ہے، اور وہ عالم بھی تھے۔ مُلّا عبدالرزاق کے بارے میں صراحت ہے کہ "در علم فقہ و اصول مہارتِ تام دارد و بالتزام صحبت مبارک حضرت ایشان حالات نیک پیدا کرد و مدارج قربِ الٰہی ترقیات ممدوحہ تا بکمالات فایز گردید، اجازتِ تعلیم طریقہ یافتہ با فاضہ علم ظاہر و باطن حرف اوقات نیک دارد"۔ مُلّا عبداللہ، جن کے دو مکتوبات ملّا نسیم

(صفحہ ۱۳ کا بقیہ حاشیہ)

سقہ۔ ایک آقا محمد حسن جانؒ (م ۱۳۶۵ھ) جن کے چار صاحبزادے ہوئے (۱) عبداللہ جان عرف شاہ آغا (م ۱۳۹۳ھ) (۲) عبدالستار جانؒ (م ۱۳۸۷ھ) (۳) مولانا حافظ محمد ہاشم جان مدظلہ، اور (۴) محمد حنیف جان مدظلہ ـــ خواجہ عبدالرحمٰنؒ کے دوسرے صاحبزادے آقا محمد حسین جانؒ تھے جن کے صاحبزادے آقا محمد اسمٰعیل جانؒ المخلص بہ روشن (م ۱۳۶۱ھ) کے دو صاحبزادے مولانا محمد اسحٰق جان مدظلہ اور مولانا محمد ابراہیم جان مدظلہ ہیں۔

Marfat.com

کے نام اس مجموعے میں ہیں، ان کا ذکر مقاماتِ مظہری میں یوں آیا ہے" بعلم و ادب مردے بود صالح بیمنِ صحبتِ حضرت ایشان از ارباب حضور و آگاہی گردید، چند روز با ملا نور محمد صحبت داشت و بوطن خود رفتہ ...." مُلّا تیمور کے بارے میں مقامات میں آتا ہے کہ" طریقہ از حضرت ایشان گرفتہ بمقامِ فنائے قلبی رسیدہ احوال حضورِ و آگاہی نقد وقت خود ساخت و با ملا نور محمد صحبت داشتہ در وطن خود ریاضات شاقہ اختیار نمود ...." سرحد کے بعض حضرات نے مُلّا نسیم اور ملا تیمور (تمرود Timur) دونوں سے کسبِ فیض کیا تھا۔ چنانچہ مقامات میں صراحت ہے کہ" طالبان حرارت شوق در صحبت مُلّا نسیم از جمعیت و طمانیت حظے نیافتہ بخدمت وے رجوع آوردہ بمقصود خود رسیدند" ان کا نام مکتوبات میں" تیمر" آتا ہے۔ ان کے فیض یافتگان میں ملّا اولیا، ملّا ابراہیم، شاہ لطف اللہ، مُلّا سیف الدین، محمد خان، خواجہ محمد عمر، خواجہ یونس، شیخ قطب الدین، شیخ محمد امین، اور شیخ غلام حسین کے نام آتے ہیں۔ اب سلسلۂ مظہریہ سے تعلق رکھنے والوں کے وہ نام بھی ملاحظہ ہوں جن کا علم ہمیں اس مجموعے سے ہو رہا ہے حضرت مظہر" نے سرحد کے محمد بشیر خان کے بارے میں خود صراحت کی ہے کہ" از یارانِ حلقہ است و ہنوز از دائرۂ امکان بر نیامدہ"۔ حضرت مظہر" نے دہلی سے ملّا نسیم کو جو مکتوب بھیجا ہے (مکتوب ۴۲) اس میں ہے کہ سید علی شاہ نے ذکرِ طریقۂ عالیہ فقیر سے حاصل کیا ہے، وطن کا قصد کر رہے ہیں، پہنچنے پر التماسِ توجہ کریں تو دریغ نہ فرمائیں (ملخصاً) ۔ مکتوب ۷ے میں حضرت مظہر" نے سرحد کے ایک اور صاحب کا ذکر یوں کیا ہے " نجابت نام جوانے روہیلہ از یارانِ حلقہ رخصت وطن گرفتہ، رفتہ است"۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی" کے مکتوبات بنام مُلّا نسیم میں بھی اس نوع

Marfat.com

کی معلومات موجود ہیں۔ چنانچہ مُلّا محمد حنیف، مُلّا زبردست، اور مُلّا سردار کے ہدایہ اور مشکوٰۃ وغیرہ پڑھنے اور تحصیل نسبت باطنیہ کا ذکر ہے۔ مکتوب اہلیۂ حضرت منظرؒ بنام ملا نسیم (مکتوب ۱۷۷ء) کے آخر میں ایک مختصر رقعہ شاہ علی کا بھی ہے اور اس میں ملا نور محمد کے انتقال کی خبر کے علاوہ مُلّا عبداللہ کا سلام اشتیاق بھی ہے۔ یہ دونوں حضرات سرحد کے ہیں۔ مُلّا نسیم کی والدہ ماجدہ کے مکتوب (۱۷۵۸ء) سے مُلّا خیر محمد کے بارے میں معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی مُلّا نسیم کے ساتھ سرحد سے دہلی تحصیل نسبت باطنی کی غرض سے پہنچے ہوئے تھے۔ نیز مُلّا نسیم کے خاندانیوں میں سے دو صاحبزادگان اوچ کے ناموں کا علم ہوتا ہے یعنی صاحبزادہ محمد فیاض و صاحبزادہ میاں محمد عتیق اور ان کے علاوہ میاں محمد درجات، محمد توکل، علی شیر، اور محمد نبی کا ذکر بھی ملتا ہے۔ محب اللہ اور عبدالقدوس کے مکتوبات میں محمد (پسر عبدالقدوس)، محمد شرف، محمد بصیر، عبدالقدیر اخوند، مُلّا ولی محمد اخوند، سید معبز شاہ جیو، میاں نور محمد، مُلّا محمد نعیم اخوند ملا سیف الدین، مُلّا حاجی، میاں محمد کاظم، مُلّا رحمت، شاہ لطف اللہ خاں، مُلّا جان محمد، مُلّا محمدی، اور مُلّا عبدالقدیر کے نام آتے ہیں۔ علاوہ ازیں مکتوب ۱۷۸۲ء میں جو محب اللہ و عبدالقدوس کی طرف سے مُلّا نسیم کو لکھا گیا ہے، یہ خبر ملتی ہے کہ "چون دریں وقت مسموع گردید کہ طائر روح صاحبزادہ فضل احمد پنجرۂ حواس را درہم شکستہ و بجناب قدس پرواز کردہ از اصفاء ایں معنیٰ ایں جانب را حزنِ بسیار واندوہ بے شمار روئے داد۔" صاحبزادہ فضل احمد معصومیؒ کا ذکر پیشتر آچکا ہے۔ اس مکتوب سے پتا چلتا ہے کہ مُلّا نسیمؒ اور ان کے متوسلین، صاحبزادہ فضل احمدؒ سے تعلقِ خاطر

Marfat.com

رکھتے تھے۔ اسی مکتوب میں مُلّا شاہت، سید غلام، حافظ کرم، محمد کاشف اور مُلّا نصرت کا بھی ذکر ہے۔ مُلّا نسیم کے نام دیگر مکتوبات میں بھی کچھ نام سرحد کے اصحاب سلسلہ کے آتے ہیں؛ مثلاً اخون نعمت خاں، ملّا قلندر اخون سعداللہ اور اخون محمد اعظم ——

میر مہین نے اپنے مکتوب (ع۳۸) میں مُلّا عبدالرحیم اور مُلّا نصری کا ذکر کیا ہے۔ اور مکتوبات ع۳۹، ع۴۰ میں مُلّا فیض اللہ، مُلّا عمر اور مُلّا صالح محمد کا۔ مکتوب ع۴۶ میں مُلّا نسیم کے ساتھ مُلّا قائم خاں کا بھی ذکر ملتا ہے۔ محمد حسن خاں خانزادہ کے مکتوب (ع۵۲) میں مُلّا نسیم کے ساتھ اخون امان اللہ کا نام آتا ہے، یہ بھی سرحد ہی کے ہوں گے۔ مُلّا خادی محمد اور مُلّا بہار کا ذکر مکتوب ع۱۴۸ میں ہے۔ مکتوب ع۱۷۲ کسی حاجی عبدالخالق نے مُلّا فاروق کے نام لکھا ہے۔ یہ بھی سرحد کے معلوم ہوتے ہیں۔ مکتوب غلام حسن بنام مولوی عبدالرزاق (ع۱۵۵) میں سرحد کے بعض اصحاب سلسلہ اور ان کے متوسلین کے نام، مقام کی صراحت کے ساتھ موجود ہیں؛ یعنی مولوی عبدالرزاق ساکن پشور (پشاور)، گل محمد ساکن پیشور در کوٹلہ رشید خاں، غلام رسول پدر عمر در خانۂ گل محمد مزبور، امام مسجد گل محمد، محمد عارف برادر کلاں محمد کاشف ساکن ہشت نگر در محلہ پڑانگ، میاں مسعود پیرزادہ ساکن موضع ہوتی متصل گڑھی، مُلّا خواجہ محمد ساکن موضع ہنڈ بر کنارہ ابا سند، محمد اکبر[1] ساکن ہشت نگر در محلہ بابڑہ، مُلّا سیف الدین ساکن سوات

---

[1] محمد اکبر کا ذکر حضرت مظہرؒ نے مکتوب ع۱۵۱ (کلمات طیبات) بنام مولوی عبدالرزاق میں کیا ہے اور انھیں یارانِ طریقہ میں سے بتایا ہے۔ اس مکتوب میں حضرت مظہرؒ نے اپنی عمر ۸۰ سے متجاوز لکھی ہے یعنی یہ مکتوب ۱۱۹۰ھ یا اس کے کچھ بعد کا ہوگا اس وقت محمد اکبر تحصیل نسبت میں مشغول تھے اور ان کا نصف دائرۂ امکان پورا ہو چکا تھا۔

Marfat.com

خادم مرزا صاحبؒ، مُلّا تیمور باجوری خلیفہ مرزا صاحبؒ، استاد مُلّا رحمت موضع الہ ڈنڈ؛ اور مُلّا نسیم کا ذکر یوں آیا ہے "مُلّا نسیم خلیفہ مرزا صاحبؒ ساکن سوات"۔ اُس زمانے میں اوچ سوات میں شامل تھا، اسی لیے ملا نسیم کو ساکن سوات لکھا گیا ہے۔

ان اصحاب سرحد کے علاوہ، پنجاب کے کچھ اصحابِ سلسلہ کے نام سامنے آتے ہیں؛ یعنی محمد شاہ ولد غلام غوث بن قادر شاہ ساکن قصبہ بٹالہ[1] متصل کلانور، عبدالرّسول ولد محمد شفیع نیز ساکن بٹالہ مزبور، میاں عبدالنبی مرید حضرت غلام قادر شاہ ساکن بٹالہ مذکور، میاں غلام رسول ولد محمد شفیع ساکن بٹالہ مزبور ــــ غلام حسن نے مکتوب ۱۵۶ء میں یہ بھی بتایا ہے کہ میاں عبدالنبی اور ولایت شاہ اور اُنھوں نے میاں غلام قادر شاہ مرحوم و مغفور[2] سے بیعت کی تھی۔ وہ کسی محمد حسین پراچہ کا بھی ذکر کرتے ہیں۔

اصحاب سلسلہ سے متعلق حالات، حضرت مظہر کے حین حیات تک کے، بہت کچھ تو خود حضرتؒ کے مکتوبات شریف ہی میں آ گئے ہیں۔ مقامات مظہری، جو حضرت مظہرؒ کی شہادت کے پندرہ سولہ برس بعد لکھی گئی ہے، حضرتؒ کے عہد کے علاوہ، بعد کے زمانے کے کچھ حالات اصحابِ سلسلہ کے متعلق پیش کرتی ہے۔ مقامات میں تصریحات ملتی ہیں کہ اُس وقت (۱۲۱۱ھ) تک خلفاء میں سے کون بقیدِ حیات تھے اور کون دارالبقا

---

[1] بٹالہ کو کہیں "بٹالہ" اور کہیں "بتالہ" کی شکل میں لکھا گیا ہے۔ لیکن اسی مکتوب میں کوٹلہ کی ٹ کو اسی صورت میں لکھا ہے جیسا کہ اب مروج ہے یعنی کوٹلہ۔ بٹالہ مذکور کے بارے میں مکتوب ۱۵۶ء میں صراحت ہے کہ متصل ہفت کروہ قصبہ کلانور در پنجاب واقع است"

[2] حضرت مظہرؒ کے خلیفہ شیخ غلام حسین تھانیسری کو بھی اِن سے تعلق رہا ہے چنانچہ مقاماتِ مظہری میں شیخ غلام حسین تھانیسری کے بیان میں آتا ہے کہ "در بلدۂ بٹالہ (کذا) بملک پنجاب علم فقہ خواندہ اندواز حضرت شیخ غلام قادر شاہ قادری طریقہ قادریہ گرفتہ" (ص ۹۹)

Marfat.com

کو تشریف لے جا چکے تھے ۔ حضرت مظہرؒ کے بعد کے زمانے کے بارے میں
اِس مجموعۂ مکتوبات سے بھی کچھ معلومات ملتی ہیں ۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ
کے مکتوب (۱۷۷) بنام ملا نسیم میں اس نوع کی کئی اطلاعات ہیں کہ
مولوی احمد اللہ اور محمد صبغۃ اللہ (پسرانِ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ) مدت
ہوئی کہ رحلت کر چکے ہیں ، محمد دلیل اللہ اور صفوۃ اللہ (پسر احمد اللہ
مرحوم) حیات ہیں ، اور اہلیۂ حضرت مظہر بھی حیات ہیں جو چند سال
سے پانی پت میں تھیں مگر اب چھ ماہ سے دہلی میں ہیں ، اور مرزا شاہ
علی کی وفات کو بھی عرصہ ہوا ، انھوں نے دو پسر چھوڑے ، ایک میاں
مداری جو پانی پت میں اُن کے (قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کے) ساتھ ہیں
دوسرے میاں زظای چھوٹے بیٹے مع اپنی والدہ کے ، عظیم آباد پٹنہ
میں اپنے خالو کے پاس ہیں ، اور بی بی امینہ دختر مرزا شاہ علی کا ، مدت
ہوئی کہ نکاح کر دیا تھا ، اور شاہ علی کے پسر خورد جو دوسری بیوی سے تھے
فوت ہو چکے اور ان کی والدہ بھی نہیں رہیں ، یارانِ حلقہ میں سے میاں
محمد مراد اور مولوی غلام علی صاحب اور میاں عبدالباقیؒ صاحب اور میاں
محمد احسان صاحب نخریت ہیں ۔ میاں محمد احسان رام پور میں ہیں اور دیگر
صاحبان دہلی میں ، مولوی غلام علی مسندِ ارشاد پر تشریف فرما ہیں ،
ایک عالم ان سے مستفیض ہو رہا ہے ، مولوی محمد صدیق مدت ہوئی
کہ رحلت کر گئے ..... " اس مکتوب کے افراد مذکورہ میں سے
احمد اللہ تو ۱۱۹۸ھ میں انتقال کر چکے تھے اور مقامات مظہری
کی تحریر کے وقت بھی اسی مکتوب کے مندرجات کی سی کیفیت تھی
کہ یارانِ حلقہ میں سے میاں محمد مراد اور مولوی غلام علی صاحب اور
میاں عبدالباقیؒ اور میاں محمد احسان حیات تھے گویا یہ مکتوب ۱۲۱۱ھ
کے لگ بھگ لکھا گیا ہوگا ۔

Marfat.com

مکتوب غلام حسن بنام مُلّا نسیم (ع ۱۹۱) سے بھی سلسلے کے کئی حضرات کے حالات پر روشنی پڑتی ہے۔ مُلّا نسیم کو اوّل وہ یاد دلاتے ہیں کہ سید نور محمد قدّس سرّہٗ کے مزار فایض الانوار کی مرمت حضرت مظہرؒ کے فرمانے کے بموجب دونوں (غلام حسن اور مُلّا نسیم) نے مل کر کی تھی۔ پھر وہ یہ بھی یاد دلاتے ہیں کہ ــــ مرزا صاحب کی سکونت اور حیات کے وقت ان کا مکان خلد بنیان ایک سو اور کچھ روپیوں پر ہندوؤں کے ہاتھ گروی تھا۔ جب حضرتؒ نے اس دارالفنا سے رحلت فرمائی تو ان کی اہلیہ کے تقاضے کے مطابق وہیں دفن کیا گیا[1] ارتحال کے بعد مریدوں اور خادموں کو ان مذکورہ ہندوؤں نے مزار کی حاضری اور زیارت سے روکا اور کہا کہ یہ مقام ہمارے ہاتھ گروی ہے، جب تک حساب صاف نہ ہوگا زیارت نہیں کرنے دیں گے۔ مخلصوں اور مریدوں کو پریشانی ہوئی تنگ آگئے۔ آخر الامر یہ ماجرا مولوی نعیم اللہ بہرائچی نے پورب میں سُنا تو بقدر وسعت و امکان رقم جمع کر کے اِس طرف کو روانہ ہو گئے۔ یہ درویش

---

[1] حضرت مظہرؒ کے وصیت نامے، مشمولہ "معمولات مظہریہ" میں ہے:
"پیش ازیں روزے چند منکوحۂ من ازمن درخواستہ بود کہ تدبیر امور اُخروی خود را بر رائے او واگذارم و دریں باب خطے نوشتہ بدہم تا بعدِ من مخلصانِ بہ او مخالفت نہ نمایند و در ہر جا کہ خواہد مرا بخاک سپارد و من ہم ایں معنی را باقرارِ زبانی قبول کردہ بودم، امّا دراں ایام آں مستورہ قطعۂ زمینے در ملک خود نداشت، الحال یک منزل حویلی خریدہ کردہ است و من بجان ازاں بقعہ بیزارم۔ اگر خواہد کہ مرا در آں جا بہ دفن سازد، بردوستان فقیر بحکم حق دوستی واجب است کہ ہرگز ننمایند، بعد ازیں در ہر جا کہ میسر آید رضی او مرعی دارند و بیرون ترکمان دروازہ مناسب تر است ....." (ص ۱۴۵) مگر اس صریح ناپسندیدگی کے باوجود ہوا وہی جو حضرتؒ نہ چاہتے تھے یعنی بقول غلام حسن ان کی اہلیہ کے تقاضے کے مطابق وہیں دفن کیا گیا۔ حضرت مظہرؒ نے وصیت نامہ لکھ کر قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کو دیا تھا اور وہ حضرتؒ کی شہادت کے وقت پانی پت میں ہوں گے انھوں نے اس وصیت نامے کو ۱۲۰۵ھ میں نعیم اللہ بہرائچی کو معمولات مظہریہ میں شامل کرنے کے لیے دیا۔

Marfat.com

(غلام حسن) اُن ایّام میں رام پور میں تھا۔[1] ہماری ملاقات ہوئی۔ کچھ رقم اِس درویش کے پاس تھی، وہ مولوی صاحب کے حوالے کی۔ مولوی صاحب نے دہلی آکر اس مکان سعادت انجام کو ہندوؤں سے خلاص کرایا اور کچھ حجروں اور لکڑیوں میں سے کچھ فروخت کرکے مرقدِ منوّر کو مرتب کیا ـــــ اسی سفر کے موقع پر نعیم اللہ بہرایچی نے معمولات مظہریہ کو قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کو پانی پت میں اور شاہ غلام علی و سید عبدالباقی و شاہ قطب الدین کو دہلی میں دِکھا کر اطمینان کرنا چاہا تھا۔ معمولات میں ان حضرات کی رائیں بھی درج ہیں۔ گویا میر عبدالباقی اور شاہ قطب الدین ۱۲۰۵ھ تک حیات تھے۔ مقاماتِ مظہری کی تصنیف کے وقت میر عبدالباقی زندہ تھے اور شاہ قطب الدین رحلت کر چکے تھے۔ یعنی شاہ قطب الدین کا انتقال ۱۲۰۵ھ اور ۱۲۱۱ھ کے مابین ہوا ہوگا۔ بہرکیف، یہ ایک ضمنی ذکر تھا، اور اب پھر اسی مکتوب (ع ۱۹۱) کی طرف آیئے۔ اسی مکتوب میں یہ بھی ہے کہ ـــــ الحال بی بی (اہلیۂ حضرتِ مظہرؒ) پانی پت میں اقامت رکھتی ہیں، چنانچہ مولوی ثناء اللہ دو روپیہ درماہہ دیتے ہیں اور ایک روپیہ مُلّا مراد دیتے ہیں۔ (مقامات مظہری سے بھی ظاہر ہے کہ اُس وقت یعنی ۱۲۱۱ھ میں شیخ محمد مراد حیات تھے)۔ پیر علی فوت ہو چکے ہیں، سنا ہوگا اور دو بیٹے ان کے تھے، ایک مداری نام کہ وہ محض ناقابل اور دیوا طوار ہے، دوسرا بیٹا اپنی والدہ کے ساتھ یہاں سے تلاشِ معاش میں پورب کی طرف چلا گیا ہے۔ میاں عبدالحفیظ و میاں بہادر فوت ہو چکے ہیں۔ حضرت مظہرؒ کے روضۂ مقدس ہی میں تدفین ہوئی۔ محمد احسان رام پور کی طرف آ گئے تھے، نواب فیض اللہ خاں نے مبلغ تین روپیہ دیئے تھے، پھر وہ پورب کی طرف چلے گئے۔ اور یہ درویش (غلام حسن) قصبۂ امروہہ میں سکونت رکھتا تھا۔ فرنگیوں

[1] یعنی ۱۲۰۵ھ میں معمولات مظہریہ کے تکملہ میں صاحب معمولات نے صراحت کی ہے سفر ۱۲۰۵ھ میں تعمیر مزار مبارک کے لیے کیا گیا تھا۔

Marfat.com

اور مرہٹوں کی زد و تاخت کے سبب سے قصبۂ مذکور خراب و تباہ ہو گیا۔ اس کے بعد اس درویش نے امروہہ سے نکل کر رام پور میں سکونت اختیار کر لی ـــــ غلام حسن نے رام پور میں طریقۂ مجددیہ کی ترویج میں جو حصہ لیا، اس کا بھی اجمالاً ذکر آ گیا ہے[1] شاہ غلام علیؒ کے بارے میں لکھا ہے کہ کس قدر مردِ قابل و ہوشیار ہیں اور پھر ان کا درماہہ پندرہ روپیہ مقرر ہونے کی خبر ہے۔ غلام حسن نے یہ مکتوب پشاور سے لکھا ہے جب کہ وہ عارضی طور سے وطن آئے ہوئے تھے اور کوٹلہ رشید خاں میں مقیم تھے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ خاصا معلومات افزا مکتوب لکھا ہے۔

اس مجموعے کے جملہ مکتوبات فارسی میں ہیں (بجز ایک کے، جو عربی میں لکھا گیا ہے) اور لگ بھگ ۱۱۷۵،۷۰ھ سے لے کر ۱۲۳۱ھ تک کے درمیانی

---

[1] رام پور طریقۂ مجددیہ کی ترویج و اشاعت کا کچھ اندازہ تذکرہ کاملان رام پور سے بھی ہوتا ہے جس میں متعدد افراد کے احوال میں ان کے مجددی ہونے کی صراحت ملتی ہے چنانچہ، بلا ترتیب، محمد ابراہیم خاں عرف توشہ خاں، مولانا ولی النبی و رشید علی خاں شاہ ابو سعید، مولوی احسان حسین فاروقی مجددی، مولانا ارشاد حسین فاروقی مجددی، شاہ احمد سعید مجددی اور ان کے تین صاحبزادے جن میں محمد مظہر صاحب مناقب احمدیہ بھی ہیں، حافظ احمد کبیر ولد شاہ محمد پیر مجذوب، غلام محی الدین، مولوی ارشد علی، قاضی دائم علی سرہندی، مولوی ارشد علی مولانا امداد حسین، حافظ عنایت اللہ، شیخ احمد حسین، ملا اسلم اخون، مولوی اسحٰق علی (از آشنایان حضرت مظہرؒ) حافظ اکرام الدین احمد شاہ امین الدین، شیخ امین احمد اظہر، مولوی جمال احمد مجددی مولوی حبیب احمد ابن رؤف احمد راحت، میاں احمد علی شاہ نقشبندی، مولوی حبیب الرحمٰن خاں، باز خاں نبیرہ نواب دوندے خاں، اخوند ملا امام الدین، ملا امان اللہ، ملا جہانگیر، ملا حبیب اخوند، مولوی خلیق احمد سرہندی، مولوی خلیل الرحمٰن سواتی ولد ملا عرفان، ملا خواص، مولوی ریحان حسین، مولوی رشید النبی مجددی، ملا رفیع ابن مولوی عبید اللہ اخون سواتی، مولوی سراج احمد مجددی، میاں سراج شاہ از سادات بونیر، ملا سراج، حافظ عباس علی امروہوی نقشبندی کے مرید مولانا سعد اللہ خاں، ملا سیف الدین باجوڑی (ان کا ذکر بہ تفصیل ہے اور صراحت ہے کہ یہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی کے شاگرد تھے) اخوند سید احمد، ملا صدر الدین ولد ملا سراج، مولانا صفی القدر، شاہ ضیاء النبی مجددی، مولانا ظہور الحسن مجددی، ملا حاجی باجوڑی، ملا عبد الرحمٰن، ملا عبد الرزاق، مولانا عبد الرشید مجددی، ملا کبیر، اخوند زادہ محمد شاہ خاں باجوڑی، مولانا علاء الدین مجددی، مولانا فدا احمد مجددی، شاہ محمد عمر مجددی، حافظ محمد عنایت اللہ خاں بونیری مجددی، سوات کے کئی حضرات کے نام آتے ہیں جو اغلباً اسی سلسلے کے ہوں گے۔ ملا نسیم کا بھی ذکر آتا ہے ان کے بارے میں وقائع عبد القادر خانی کے حوالے سے لکھا ہے کہ رام پور میں سوات کے طلبہ کا مرجع تھے۔

Marfat.com

عرصے میں لکھے گئے ہیں، زیادہ تر حضرت مظہرؒ کے حین حیات (تا ۱۱۹۵ھ) کے ہیں، اور کچھ ۱۱۹۵ھ سے ۱۲۳۶ھ کے درمیانی عرصے کے بھی ہیں جب کہ دہلی میں شاہ غلام علی (م ۱۲۴۰ھ) مسند ارشاد پر متمکن تھے ۱۱۷۵، ۷۰ھ کا زمانہ نواب ارشاد خاں کے اخیر دور حیات کی رعایت سے متعین کیا جا سکتا ہے اور ۱۲۳۱ھ حضرت فضل احمد معصومیؒ کا سنہ وفات ہے جن کا ذکر مکتوب محب اللہ و عبدالقدوس بنام مُلّا نسیم (ع ۱۸۴) میں ہے۔ پھر مُلّا نسیم کا سنہ وفات بھی ۱۲۳۱ھ ہی ہے۔

سلسلے کے مکتوبات میں بعض ہم نام افراد کا ذکر آتا ہے۔ محمد خاں نام کے کئی اصحاب ہیں جن کا ذکر آیا ہے اور جن کا حضرت مظہرؒ سے تعلق ثابت ہے۔ اسی طرح غلام حسن نام کے دو حضرات ہیں، ایک غلام حسن جو غلام عسکری خاں و محمد احسان احمدی کے بھائیوں میں سے ہیں۔ مقامات مظہری میں ان کا ذکر "شیخ غلام حسن" کے نام سے ہے۔ یہ حضرت مظہرؒ کے خلفاء میں سے ہیں۔ اور ۱۲۱۱ھ یعنی مقامات مظہری کے سنہ تصنیف سے قبل انتقال کر چکے تھے۔ دوسرے غلام حسن پشاور کے ہیں جن کے پُراز معلومات مکتوب کا ذکر پیشتر آچکا ہے اور جو امروہہ و رام پور میں رہے ہیں۔ اسی طرح، غلام نبی بھی کم سے کم دو مختلف اشخاص کا نام تو ضرور ہے اور ممکن ہے کہ سرحد کے اصحاب سلسلہ کے ذیل میں جن غلام نبی کا ذکر آتا ہے وہ ان دو میں سے نہ ہوں، اس نام کے تیسرے شخص ہوں۔ علیٰ ہٰذا، محب اللہ (از متوسلین ملا نسیمؒ) اور محب اللہ خاں (پسر دوندے خاں) کے ناموں میں بھی التباس کی گنجائش ہے۔ عبدالرزاق نام کے بظاہر دو افراد معلوم ہوتے ہیں۔ ایک مولوی

Marfat.com

عبدالرزاق (پیلی بھیت) جن کے نام حضرت مظہرؒ کا ایک مکتوب کلمات طیبات میں ہے (مکتوب ۱۵۱) دوسرے وہ بزرگ جو سرحد سے تعلق رکھتے ہیں اور انھیں کہیں مولوی عبدالرزاق اور کہیں ملا عبدالرزاق لکھا گیا ہے مگر شاید وہ ایک ہی صاحب ہیں۔ حضرت مظہرؒ نے مولوی عبدالرزاق (مقیم پیلی بھیت) کے سپرد ایک ایسے طالب کو کیا تھا جو نصف دائرہ امکان پورا کر چکے تھے یعنی مولوی عبدالرزاق کو اجازت ارشاد حاصل تھی اور مقامات مظہری میں جن ملا عبدالرزاق کا ذکر ہے وہ بھی "اجازت تعلیم طریقہ یافتہ" تھے اور خلفاء میں سے تھے۔ ان کے بارے میں شاہ غلام علیؒ نے یہ بھی لکھا ہے کہ "در علم فقہ و اصول مہارت تام دارد" ناموں کی اس مشابہت سے عام قارئین کو کہیں کہیں دشواری پیش آسکتی ہے مگر جن کی نظر سے مقامات مظہری اور اس سلسلے کی دوسری کتابیں گذری ہیں غالباً انھیں زیادہ دقت پیش نہ آئے گی۔ بہرکیف، ان کتابوں کی کم یابی اور ان سے عموماً لاعلمی کے پیش نظر اس نوع کی توضیحات و تشریحات و ضاحتی نوٹوں میں (جو مکتوبات سے قبل درج ہیں) اور حواشی میں کردی گئی ہیں۔

آخر عزیز گرامی ڈاکٹر نجم الاسلام صدیقی صاحب کا شکریہ ادا کرنا بے حد ضروری ہے جنھوں نے اس مجموعے کی ترتیب و تہذیب میں میری پوری اعانت فرمائی۔ اللہ پاک اُن کو فائز المرام رکھے۔ آمین۔

فقط ـــــ والسلام

احقر ـــــ غلام مصطفےٰ خاں

استدراک

مکتوبات ۱۸۵، ۱۸۶، جو باب نسیم میں شامل ہیں، غالباً حضرت مظہرؒ

کے نام ہیں ۔اور ممکن ہے کہ مکتوب ۱۸۵ کے لکھنے والے میر محمدی، میر محمدی بیدآر ہوں جو بیان (شاگرد حضرت مظہر) کی طرح مولانا فخرالدین دہلوی سے بیعت تھے اور دہلی والے تھے مگر اکبرآباد چلے گئے تھے ۔ مکتوب ۱۸۶ میں "رسالہ فضل ذکر خفی" ملاحظہ فرما کر خط لکھنے پر مکتوب الیہ کے لیے کلمات تشکر ہیں اور رسالے کے سبب تالیف کی طرف بھی اشارہ ہے جس سے اس مکتوب کا مکتوب ۹۵ (مجموعۂ ہذا) سے ربط ظاہر ہے ۔مکتوب ۹۵ میں، جو حضرت مظہر کے نام ہے، رسالہ در فضلِ ذکرِ خفی کا وہی سبب تالیف بیان کرنے کے بعد جسے ہم مکتوب ۱۸۶ میں پاتے ہیں، یہ کہا گیا ہے کہ "جزو اوّل بجناب عالی ارسال داشتہ، ملاحظہ نمودہ وا صلاح نمودہ عنایت فرمایند"۔ اور غالباً حضرت مظہرؒ کی طرف سے جوابی مکتوب ملنے کے بعد، انہی صاحب نے حضرت کے نام وہ مکتوب لکھا ہے جو اس مجموعے کا مکتوب ۱۸۶ ہے ۔وہ اس میں لکھتے ہیں کہ "سرفراز نامہ کہ مشتمل بر ملاحظہ فرمودنِ رسالہ، فضل ذکر خفی کہ رقوم قلم فیض رقم گردیدہ بود، پرتو ورود فرمود"۔ کلمات طیبات میں حضرت مظہر کا مکتوب ۱۱ ذکر جہر اور ذکر خفی میں سے ایک کو دوسرے پر فضیلت دینے کے مسئلے سے متعلق ہے ۔اور حقیقت یہ ہے کہ بہت خوب ہے ۔آخر میں یہ فقرہ بھی ہے کہ "وخیر الکلام ما قل ودل" جو رسالے پر تبصرے کا سا انداز لیے ہوئے ہے نیز آغاز و اختتام کی عبارت کی شان بھی کچھ ایسی ہے کہ رسالۂ مذکورہ سے حضرت مظہر کے اس مکتوب کا تعلق ہو سکتا ہے ۔ مگر کلمات طیبات کے اس مکتوب ۱۱ کا مکتوب الیہ بھی نامعلوم ہے اور مکتوبات ۹۵، ۱۸۶ کے مکتوب نگار کی تعیین کے سلسلے میں اس سے بھی کوئی مدد نہیں ملتی ۔ یہ عقدہ رسالۂ مذکورہ کے دستیاب ہونے یا اس سے متعلق مزید معلومات ہدست ہونے پر ہی حل ہو سکتا ہے۔

Marfat.com



حضرت مظہرؒ شاہ غلام علیؒ اور شاہ ابوسعیدؒ کے مزارات مبارک۔

Marfat.com

(۱)

بابِ مظہرؒ

مشتمل

۱۔ مکتوبات حضرت مظہرؒ

۲۔ مکتوبات بنام حضرت مظہرؒ

۳۔ مکتوبات متوسلین حضرت مظہرؒ، فیما بینہم

Marfat.com

۱۔ مکتوبات حضرت مظہرؒ

- بنام قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ (ایک عدد) بنمبر شمارہ ۱
- بنام اخوند مُلّا محمد نسیمؒ (سات عدد) بنمبر شمارہ ۲ تا ۸
- بنام میر عبدالہادی (ایک عدد) بنمبر شمارہ ۹
- بنام "شیخ صاحب" (") بنمبر شمارہ ۱۰

Marfat.com

مدفن حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رح

پانی پت میں مدفن حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رح کے دروازے اور دیوار کا بیرونی منظر۔

Marfat.com

۳۷

مکتوب حضرت مظہرؒ بنام قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ

۱

بعد حمد و صلوٰۃ از فقیر جان جانان برادر باکمال فضیلت پناہ مولوی ثناء اللہ صاحب مطالعہ نمایند کہ تا امروز کہ نہم ذی قعدہ است، فقیر مع علائق در پانی پت بعافیت است۔ فردا پس فردا قصدِ دہلی دارد۔ و متعلقان را دریں جا می گذارد۔ بعد یک دو ماہ مراجعت بہ پانی پت می کند، انشاء اللہ تعالیٰ۔

باعث تحریر آنست کہ محمد نسیم نام جوانے روہیلہ بسیار مردِ ہموار است و طالبِ مستعد، اخذِ طریقہ کردہ، ارادۂ بڈھانہ نمودہ، در خدمتِ شما حاضر خواہد شد۔ توجہ کردن ضرور است و در خدمت مولوی نور اللہ صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ سفارش کنند کہ سبق بتوجہ بدادہ باشند، منت بر فقیر است۔ و معلوم شد کہ خطوطِ افضل خاں مفید نیفتاد۔ خوب، خدا کارساز است۔ والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔

۱؎ یہاں حضرت مظہرؒ نے قاضی صاحب کا نام "س" ہی سے لکھا ہے۔ اصل مکتوب راقم الحروف نے دیکھا ہے۔

Marfat.com

مکتوبات حضرت مظہرؒ بنام اخوند محمد نسیمؒ

[حضرت شاہ غلام علی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۲۴۰ھ) نے ۱۲۱۱ھ میں مقامات مظہریہ لکھی تو اس میں اخوند ملا محمد نسیم علیہ الرحمہ کے حالات اس طرح قلم بند کیے ہیں:

"مُلّا نسیم از اجلۂ خلفائے ایشاں، سلوک باطنی در طریقۂ احمدیہ بتوجہات علیۂ آنحضرت قریب بانجام رسانیدہ، خلافت کسب مقامات تا بہ کمالات تربیت کردہ بطریق طفرہ تا آنجا کہ خدا خواست رسیدہ، حالات نیک دارد۔ در ہر سال از وطن بخدمت مبارک آمدہ انوارِ طریقہ حاصل می نمود و اخلاص و محبت و متابعت حضرت ایشاں راسخ است۔ ہیچ کار بے اجازت آنحضرت نمی کرد۔ یک باری خواست کہ قے نماید، گلوے خود بند نمودہ بخدمت مبارک رسید کہ اگر اذن شود استفراغ بکنم۔ لہذا بکمال متابعت آنحضرت از مقبولان بارگاہ الٰہی گشت۔ طالبان بخدمت او رجوع آوردند و بہ یُمن توجہ او بجمعیت و حضور می رسند زبانی ثقہ شنیدہ ام کہ یک بار بر شخصے توجہ بجذبۂ تمام نمودہ بود تاب نیاوردہ۔ تا دیر اضطراب و بے تابی می نمود۔ آخر بہمان حال بہ رحمتِ حق پیوست۔ ذات کثیر البرکات او بسیار غنیمت است۔ بدرس علم و تعلیم طریقہ اوقات خوش می گذارد۔"

ملا نسیمؒ کے نام حضرت مظہر رحمۃ اللہ علیہ کا پہلا مکتوب (یعنی اسی مجموعے کا مکتوب ۲) ۱۷ رجب کا لکھا ہوا ہے جو محمد بشیر خان کے ہاتھ بھیجا گیا تھا۔ اس میں شریعت کے لیے ترغیب و تحریص دلانے کے علاوہ یہ بھی ہے کہ جب سے تم میرے پاس سے گئے ہو،

Marfat.com

صرف دو خط ملے ہیں، ایک پانی پت سے اور دوسرا جمون سے۔
پانی پت کا ذکر آتے ہی خیال ہوتا ہے کہ مکتوب الیہ (ملا صاحب)
ضرور وہاں گئے ہوں گے اور حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی سے
شرف نیاز حاصل کیا ہوگا۔ اوج کے مجموعے میں حضرت مظہرؒ کا
ایک مکتوب حضرت قاضی صاحب کے نام ایسا ملتا ہے جس میں
ملا محمد نسیم کے لیے سفارش ہے کہ وہ آپ کے پاس حاضر ہو رہے
ہیں آپ انھیں توجہ دیں (مکتوب ۱۰۱ مجموعۂ ہذا)۔ یہ مکتوب
حضرت مظہرؒ نے پانی پت سے بھیجا تھا، جب کہ قاضی صاحب
بڈھانہ میں ہوں گے جو ضلع رنگر یڑپی کی جنوب مغربی تحصیل
تھی۔ اسی مکتوب میں امیر الامراء نجیب الدولہ (المتوفی ۱۰ رجب
۱۱۸۴ھ مطابق ۳۱ اکتوبر ۱۷۷۰ء) کے بھائی نواب افضل خاں
کے خطوط کا ذکر ہے کہ ان کے متعلق یہ معلوم ہوا کہ وہ (قاضی
صاحب کے لیے) مفید ثابت نہ ہو سکے۔
مُلّا صاحب کے نام ایک مکتوب تو ۱۷ رجب کا ہے جس کا
ذکر اوپر آچکا ہے اور دوسرا آخر رجب کا ہے جو دہلی سے بھیجا
گیا تھا۔ اس مکتوب میں میاں محمد منیر جیو اور نواب ارشاد خاں
وغیرہ کا سلام بھی لکھا ہے (ان ناموں سے مکتوبات کے زمانے
کی تعیین میں مدد مل سکے گی)۔ تیسرا مکتوب ۱۰ آخر شعبان کا ہے
اور چوتھے مکتوب میں جو ۱۰ ذی قعدہ کا ہے (دوسرے مکتوب
کی طرح) ذکر ہے کہ اگر تمھاری والدہ صاحبہ اجازت دے دیں
تو یہاں آکر سلوک کے بقیہ مقامات بھی طے کر لو۔ پانچویں خط
میں نجیب خاں (نجیب الدولہ) کے لشکر کا ذکر ہے جو کھار کھ
کے قلع قمع کے لیے آیا تھا اور مُلّا رحم داد کا ذکر بھی ہے جو ملاقات

Marfat.com

کے لیے آئے تھے[1] اسی مکتوب میں مکتوب الیہ کی والدہ کے انتقال پر اظہارِ غم ہے۔ چھٹے مکتوب میں بھی مکتوب الیہ کی والدہ کی تعزیت ہے اور ملا رحم داد کی ملاقات کا ذکر بھی ہے۔ پھر ساتویں مکتوب میں ملا رحم داد کو سلام لکھا ہے کہ وہ دو تین مرتبہ مجھ سے ملاقات کے لیے آئے تھے اس لیے ان کا مجھ پر حق ہے۔ یہ ساتواں مکتوب[2] پانی پت سے لکھا گیا تھا اس میں ہے کہ میرے متعلقین دہلی سے یہاں آئے ہوئے ہیں اور صلح کا وعدہ کر لیا ہے۔ چنانچہ میرا قصد دہلی جانے کا ہے اور دو ماہ کے بعد یا تو انھیں دہلی بلوا لوں گا یا خود ہی پانی پت آجاؤں گا۔ اس مکتوب میں یہ بھی ہے کہ بغیر مجھ سے ملے ہوئے تم وطن کو نہ جانا۔ اس سے ظاہر ہے کہ اس وقت مکتوب الیہ اپنے وطن اوچ میں نہیں بلکہ کسی اور جگہ ہوں گے (غالباً فوج میں) جہاں ملا رحم داد بھی ہوں گے۔ مکتوبات ۶، ۷، ۸ ایک ہی سلسلے کے معلوم ہوتے ہیں اور مکتوب ۸ میں یہ بھی ہے کہ مکتوب الیہ کے جانے کو پورے دو سال گزر چکے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ کم و بیش اتنی ہی مدت میں یہ تمام مکتوبات لکھے گئے ہوں گے۔

---

[1] فارسی مکتوبات (مطبوعہ مبنی) میں ہر جگہ "رحیم داد" نام آتا ہے۔ لیکن وہ رحم داد ہوگا کیوں کہ حضرت مظہر کے مکتوب میں جس کا عکس شائع کیا جا رہا ہے حضرت مظہر نے صاف طور پر "رحم داد" لکھا ہے۔

[2] "ملا نسیم" کے نام حضرت مظہر کے مکتوبات میں ساتواں مکتوب مگر مجموعہ ہذا کے لحاظ سے مکتوب ۸۔

مکتوب ۳ میں محمد میر جیو اور نواب ارشاد خاں وغیرہ کا سلام ہے یعنی اس مکتوب کی تحریر کے وقت یہ لوگ زندہ تھے۔ محترم خلیق انجم والے (اردو) مکتوبات کے صفحہ ۱۲۲ میں جو مکتوب ہے اُس میں محمد میر جیو کے انتقال کی تاریخ ۱۹ (ذی الحجہ) درج ہے۔ اور اسی مکتوب میں یہ بھی ذکر ہے کہ " فقیر ایک دفعہ شاہ ولی اللہؒ کی عیادت کو گیا تھا۔ ان کی صحت کے لیے خدا سے توفیق طلب کی اور دعا میں مصروف ہوا "۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ کا انتقال ۲۹ محرم ۱۱۷۶ھ کو ہوا تھا، اس لیے ظاہر ہے کہ یہ مکتوب ان کے انتقال سے پہلے کا ہے جب کہ میاں محمد میر جیو انتقال کر چکے تھے اور یہ ممکن ہے کہ وہ ۱۱۷۵ھ ہو گا۔ اسی مکتوب میں نواب ارشاد خاں کے صاحبزادے ظفر علی خاں کا ذکر ہے کہ " حقیقت یہ ہے کہ اس کے ماں باپ کی جگہ اور اس کی خبر گیری کے لیے سب کچھ میں ہوں "۔ ان الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت تک نواب ارشاد خاں بھی فوت ہو چکے تھے۔ پھر اردو مکتوبات کے صفحہ ۱۲۵ میں جو مکتوب نہم جمادی الآخر کا ہے، اُس میں نواب ارشاد خان کے انتقال کی تاریخ ۱۳ ربیع الآخر دی گئی ہے اور فارسی مکتوبات (مرتبہ محترم عبدالرزاق قریشی) کے صفحہ ۶۶ میں جو مکتوب ۱۴ جمادی الاولیٰ چہار شنبہ کا لکھا ہوا ہے، اس میں بھی نواب ارشاد خان کے انتقال پر اظہارِ غم ہے اور آگے چل کر

لہ مقامات مظہریہ۔ صفحہ ۴۸۔ طبع دہلی ۱۲۶۹ھ

Marfat.com

اسی مکتوب میں ان کے صاحب زادے ظفر علی خاں کو "یتیم" کہا گیا ہے۔ چنانچہ وہ سال جس کی ۱۴ جمادی الاولیٰ کو چہار شنبہ تھا ۱۱۷۶ھ ہوگا، یعنی نواب موصوف کا انتقال اسی ۱۱۷۶ھ کی ۱۳ ربیع الآخر کو ہوا ہوگا۔

اس بحث سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ موجودہ مکتوب ۳ میں محمد منیر جیو (المتوفی قبل ۱۱۷۶ھ ؟) اور نواب ارشاد خان (المتوفی ۱۱۷۶ھ) کا سلام لکھا ہے تو ظاہر ہے کہ یہ مکتوب ۱۱۷۵ھ سے پہلے کا ہوگا۔

